الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

2564586 :فیکس 2560300-2560400 :فون www.jamiabinoria.net :ویب سائٹ darulifta@gmail.com

MODE: Regular

Name : **Amir**

Address : **Jeddah**

Subject : **HAJ**

Writer : شفیق اللہ

Serial No : **20493**

Date : **9/21/2013**

Contact No:

Email :

Jnab Mufti sahib, mai yeh pouchna chahta hou ke, mai agar miqat ki had se bahir rehta hou, jaisa ke riyadh mai, tu agar mai haj pe janay se 7 din pehlay jeddah (jo ke miqat ki had ke andar hai) ja kar rehta hou tu kia mai wahai jeddah se hajj k liye ahram bandh kar Hajj kar sakta hou, ya mujhay wapis miqat a kar ahram bandhna ho ga, aur jeddah se ahram bandhna chaho tu mujhay kitnay din wahan pe sakoonat ikhtiar karni ho gi, rehnumai farmaye, Shukria

جناب مفتی صاحب! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ میں اگر میقات کی حد سے باہر رہتا ہوں جیساکہ ریاض میں، تو اگر میں حج پر جانے سے سات دن پہلے جدہ (جوکہ میقات کی حد کے اندر ہے) جاکر رہتا ہوں تو کیا میں وہی جدہ سے حج کیلئے احرام باندھ کر حج کر سکتا ہوں یا مجھے واپس میقات آکر احرام باندھنا ہوگا، اور جدہ سے احرام باندھنا چاہوں تو مجھے کتنے دن وہاں پر سکونت اختیار کرنی ہوگی۔

الجواب حامداً ومصلیاً

سائل کا اگر جدہ میں کوئی کام ہو اور اسکی وجہ سے وہ حج سے چند دن پہلے جدہ میں آجائے تو اب اس کا جدہ کی میقات سے احرام باندھنا جائز ہے اور اس کے لئے دوبارہ ریاض یا اس کے میقات پر جانے کی ضرورت نہیں۔

فی الدر: أما لو قصد موضعا من الحل کخلیص وجدہ حل له مجاوزته بلا احرام فاذا حل به التحقق باهله فله دخول مکة بلا احرام وهو الحیلة لمرید ذلك الا المأمور بالحج للمخالفة الخ (ج ۲ ص ۴۷۷)۔

وفی غنیة الناسك: ان من کان فی خاطره انه اذا فرغ من بیعه وشرائه دخل مکة وجب علیه الاحرام عند المیقات لکونه قاصد مع دخول جده الحرم وان کان قصد دخول جده سابقا علی قصد دخول الحرم (ص ۶۰) واللہ اعلم بالصواب

شفیق اللہ غفر اللہ له

دار الافتاء جامعة بنوریة سائٹ کراچی

۱۶/۲/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح

نادر جان عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۷/۲/۱۴۳۵ھ

کذا لک الجواب

محمد عبد الرشید

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

۸ ربیع المرجب ۱۴۳۵ھ

دار الافتاء

۲۰۴۹۳

۱۴۳۵/۷/۱۷ھ

نائب رئیس

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

17/5/14